26254 ـ طواف افاضہ کا آخري وقت

سوال

طواف افاضہ کا آخري وقت کب ختم ہوتا ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

کمزور وناتواں اشخاص اور جوان کے حکم ميں آتے ہيں ان کے ليے طواف افاضہ کا ابتدائي وقت عيدکي نصف رات بيت جانے کے بعد شروع ہوتا ہے ، اور اس کي انتہاء کا کوئي وقت محدد نہيں ليکن بہتريہ ہے کہ حاجي حسب استطاعت طواف افاضہ جلد کرلے ، ليکن اس ميں بھي اسے اپنا خيال رکھنا چاہيے کہ وہ ايسا وقت تلاش کرے جس ميں رش کم ہو تا کہ نہ تو وہ خود تکليف اٹھائے اور نہ ہي کسي دوسرے کوتکليف دے .

اللہ تعالي ہي توفيق بخشنے والا ہے اللہ تعالي ہمارے نبي محمد صلي اللہ عليہ وسلم اور ان کي آل اور صحابہ کرام پر اپني رحمتيں نازل فرمائے .